ویڈیولیسن

# سبق 5 درود (نبی ﷺ کے لیے دعا)

**حاصلات تعلم** اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- درود ابراہیمی اور دعاؤں کا ترجمہ اور مفہوم بیان کر سکیں۔
- درود ابراہیمی اور دعاؤں کی اہمیت و فضیلت سے واقف ہو سکیں۔
- حروف بِ، فِي، عَلٰى، اور إِلٰى کی پہچان اور ان کا درست استعمال کر سکیں۔

## درود ابراہیمی

درود نبی ﷺ کے حق میں دعا کرنے کا نام ہے، آج ہم تقریباً 1500 سال بعد مکہ سے ،ہزاروں میل دور مسلمان ہیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل کے بعد آپ ﷺ کی قربانیوں کے نتیجے میں ہیں۔ایک دفعہ دن بھر کی تھکن کے باوجود آپ ﷺ نے کسی قبیلہ کو دعوت دی تھی تو ہوسکتا ہے کہ مجھ تک دعوت اسلام اس قبیلہ سے پہنچی ہو، اس طرح سوچتے ہوئے اس بات کو محسوس کریں کہ آپ ﷺ کی ہر قربانی کا مجھ پر احسان ہے۔ اب ہم اس کے بدلے ان کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟ کیا ان کو کھانے پر بلا سکتے ہیں یا کوئی تحفہ بھیج سکتے ہیں؟ کچھ نہیں کر سکتے! صرف ان کے لیے دعا کر سکتے ہیں۔ محمد ﷺ کو تو اجر ملنے والا ہے چاہے ہم دعا کریں یا نہ کریں،ہمارا ان کے لیے دعا کرنا دراصل ہمارے ہی لیے اعزاز ہے، دعا کرنے پر الٹا ہمیں اس کا ثواب بھی ملتا ہے۔حدیث کے مطابق جو کوئی نبی ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجے گا۔ (صحیح مسلم:408)

| اَللّٰھُمَّ [5] | صَلِّ [2] | عَلٰى مُحَمَّدٍ | وَّعَلٰى اٰلِ [26] | مُحَمَّدٍ |
|---|---|---|---|---|
| اے اللہ | درود (رحمت) بھیج | محمد ﷺ پر | اور آل پر | محمد ﷺ کی |
| | صَلِّ: نماز پڑھ، صَلِّ عَلٰى: رحمت بھیج | عَلٰى: پر | آل کے دو معنی<br>آل: اولاد و ازواج<br>دوسرا اتباع کرنے والے | |

- ❖ صَلِّ عَلٰى کا مطلب ہے کہ اے اللہ! حضور ﷺ پر اور ان کی آل پر رحمتوں کی بارش فرما، مہربان ہو جا، نام اور درجات بلند کر۔
- ❖ آل کے دو معنی ہیں: (۱) آپ ﷺ کی اولاد و ازواج مطہرات (۲) اتباع کرنے والے۔
- ❖ اے اللہ! ہمارے پیارے نبی ﷺ نے ہم پر بے شمار احسانات کیے،اب ہمارے بس کی بات نہیں کہ ہم اس کا بدلہ دیں۔ہم کیا بدلہ دے سکتے ہیں اے اللہ تعالیٰ! تو ہی اس کا ان کو بدلہ دے۔

| كَمَا | صَلَّيْتَ | عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ [69] | وَعَلٰى اٰلِ | إِبْرَاهِيْمَ |
|---|---|---|---|---|
| جیسے | بھیجی رحمت تو نے | ابراہیم علیہ السلام | اور پر آل | ابراہیم علیہ السلام کی |
| كَ: جیسے<br>كَمَا: جیسے | صَلَّيْتَ: تو نے نماز پڑھی<br>صَلَّيْتَ عَلٰى: رحمت بھیجی تو نے محمدؐ پر | | آل: اولاد و ازواج<br>اتباع کرنے والے۔ | |

❖ ایک معنی یہ ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو ایسی امامت دی، ایسا مقام دیا کہ دنیا کے سب مسلمان، عیسائی اور یہودی انہیں نبی مانتے ہیں، تو اے اللہ تعالیٰ ! محمد ﷺ کو بھی ایسی قبولیت عطا فرما کہ اس زمین پر رہنے والے تمام لوگ آپ ﷺ کی نبوت کو مان لیں۔ دوسرا معنی یہ ہے کہ اے اللہ ! آپ نوازنے والے ہیں، اس سے پہلے آپ نے ابراہیم علیہ السلام کو نوازا ہے تو محمد ﷺ کو بھی خوب نوازیے، خوب عطا کیجیے۔ حضرت محمد ﷺ تو سارے انبیاء کے سردار ہیں۔

❖ اے اللہ ! ہمیں آپ ﷺ کے پیغامات کو پھیلانے کی توفیق عطا فرما، تاکہ آپ ﷺ کو سبھی ماننے والے ہوجائیں۔

| إِنَّكَ | حَمِيْدٌ [17] | مَّجِيْدٌ [4] . |
|---|---|---|
| بے شک تو ہے | تعریف کے قابل | بزرگی والا ہے۔ |
| إِنَّ : بے شک، كَ: تو | حَمْد: تعریف ، حَمِيْد: قابل تعریف | |

❖ اے اللہ ! تیرا بہت بڑا احسان ہے کہ تو نے ایسے پیغمبر کو بھیجا جس نے ہم تک ہر بات پہنچائی اور ہر چیز کی تعلیم دی۔ اے اللہ ! تیرا بڑا احسان ہے اور تو خوب قابل تعریف ہے۔

❖ اے اللہ ! تو مجید ہے یعنی جلال و عظمت اور بڑائی میں کامل ہے، اس لیے صرف تو ہی محمد ﷺ کو بہترین اجر دے سکتا ہے۔

| اَللّٰهُمَّ | بَارِكْ | عَلٰى مُحَمَّدٍ | وَّعَلٰى اٰلِ | مُحَمَّدٍ |
|---|---|---|---|---|
| اے اللہ | برکت عطا فرما | محمد ﷺ پر | اور آل پر | محمد ﷺ کی |
| | عِيد مُبَارَك: یہ عید برکت والی ہو | | آل: اولاد و ازواج، اتباع کرنے والے۔ | |

❖ درود کے پہلے حصّے میں رحمت کی دعا ہوئی (اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ)، صلوٰۃ میں برکت شامل ہے، رحمت کی دعا کرنے کے بعد یہاں برکت کی دعا ہے۔

برکت کا معنی ہے خوبی، بھلائی اور نعمتوں کا عطا ہونا، ہمیشہ رہنا، اور اس میں برابر اضافہ اور ترقی ہونا۔

اعمال میں برکت کا مطلب ان کی قبولیت اور ان کا بہترین بدلہ ملنا ہے، اولاد میں برکت یعنی اولاد کا نسلوں تک باقی رہنا ، پھیلنا اور بڑھنا ہے۔ آل محمد ﷺ کو برکت دے یعنی آپ ﷺ کی اولاد کو اور آپؐ کے طریقے پر چلنے والوں کو ۔

| كَمَا | بَارَكْتَ | عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ | وَعَلٰى اٰلِ | إِبْرَاهِيْمَ |
|---|---|---|---|---|
| جیسے | تو نے برکت عطا کی | ابراہیم علیہ السلام پر | اور آل پر | ابراہیم علیہ السلام کی |

| إِنَّكَ | حَمِيْدٌ | مَّجِيْدٌ. |
|---|---|---|
| بے شک تو | تعریف کے قابل | بزرگی والا ہے۔ |

❖ جب آپ رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجیں تو ان کی قربانیوں کو یاد کیجیے اور پھر یاد کیجیے کہ آپ ﷺ قرآن کے معلّم بنا کر بھیجے گئے تھے اور دعا کیجیے کہ اے اللہ تعالیٰ! میری مدد کر کہ ان کا شاگرد بنوں! یعنی قرآن سیکھوں۔ اپنا احتساب کیجیے کہ میں قرآن اور حدیث پڑھنے میں کتنا وقت صرف کرتا ہوں؟ یا میں صرف یہ کہتا ہوں کہ "میں مصروف ہوں"۔ اس لیے پلان بنائیے، روزانہ ایک مخصوص وقت قرآن اور حدیث پڑھنے کے لیے، خود کلاس شروع کیجیے یا کسی قرآن کی کلاس میں شامل ہوجائیے، اور اس کو دنیا کے تمام لوگوں تک پہنچانے کی کوشش کیجیے۔

❖ رسول اللہ ﷺ کے لیے دعا کرتے وقت ان کی نصیحت کو بھی یاد کریں، مثلاً آپ ﷺ نے فرمایا: "پہنچا دو میری طرف سے چاہے وہ ایک ہی آیت کیوں نہ ہو"۔ مگر ہم کس طرح پہنچا سکتے ہیں اگر ہم خود ہی نہ سمجھیں۔ اس لیے جلد سے جلد سمجھنے کا پلان بنائیے۔ دل میں رسول اللہ ﷺ کی محبت اور اطاعت کو بڑھانے کی عملی کوشش کیجیے، یعنی سیرت کو پڑھیے اور آپ ﷺ کی باتوں پر عمل کیجیے۔

| رَبَّنَآ | اٰتِنَا [9] | | فِي الدُّنْيَا [115] | | حَسَنَةً [31] |
|---|---|---|---|---|---|
| اے ہمارے رب | ہمیں دے | | دنیا میں | | بھلائی |
| | اٰتِ | نَا | فِي | الدُّنْيَا | |
| | دے | ہمیں | میں | دنیا | |

اکثر دعائیں رَبَّنَا سے شروع ہوتی ہیں، ربّ کی تشریح یاد رکھیے، یعنی ہر ضرورت کو پورا کرتے ہوئے ہماری پرورش کرنے والا۔

## دنیا کی حَسَنَة سے مراد:

۱. ضروریاتِ زندگی: صحت، خاندان کی فلاح، عزت، وقار، مال، دولت، نوکری، تجارت، خاندان، بچے، دوست وغیرہ۔

۲. وہ چیزیں جو آخرت کے لیے سودمند ہیں، جیسے کہ فائدہ مند علم، صحیح عقیدہ، اچھے اعمال، اخلاص، اچھے اخلاق، تربیت وغیرہ۔

۳. امن وسکون جس میں اسلام کے احکام پر عمل کیا جاسکے۔

❖ کوئی بھی چیز (مال، دولت، نوکری تجارت، بچے دوست وغیرہ) حسنہ نہیں ہے، اگر وہ آخرت کو برباد کرے۔

اب اس دعا کو زندگی میں لانے کے لیے ہم دعا، احتساب، پلان اور تبلیغ کا سادہ فارمولا دیکھتے ہیں۔ دعا تو ہم نے کرلی۔

### احتساب

کیا میں نے سوچا ہے کہ میں دنیا میں جس چیز کے پیچھے دوڑ رہا ہوں وہ ٹھیک ہے؟ اور اسے مانگنے کے بعد اگر مجھے وہ "ٹھیک" چیز نہیں ملی (کافی کوشش کرنے کے بعد بھی) تو کیا میں مطمئن رہتا ہوں؟

| وَفِي الْاٰخِرَةِ [115] | حَسَنَةً |
|---|---|
| اور آخرت میں | بھلائی |

❖ آخرت کی حَسَنَة میں شامل ہے: اللہ تعالیٰ کی خوشنودی، جنت، رسول اللہ ﷺ کی قربت، سارے گھر والوں کا ہمیشہ کا ساتھ، اور سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے دیدار کا موقع اور اس کی رضا۔



CamScanner

| النَّارِ [145] | عَذَابَ [322] | وَّقِنَا [5] |
|---|---|---|
| آگ کے۔ | عذاب سے | اور ہمیں بچا |

❖ اگر کسی مسلمان کے گناہ زیادہ ہوں گے تو جنت میں داخلہ سے پہلے اس کے گناہوں کی صفائی ضروری ہے، اس صفائی کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں مثلاً استغفار، دنیا کی مشکلات، موت پر مشقت، قبر کی اور حشر کی سختیاں وغیرہ۔ اگر یہ بھی کافی نہ ہوں تو اس کو جہنم کی آگ میں ڈالا جائے گا تاکہ اس کی صفائی ہو جائے، اس کے بعد اس کو جنت میں داخلہ نصیب ہوگا۔

❖ صفائی کی مختلف صورتوں میں سب سے آسان استغفار ہے، اس لیے ہمیں زیادہ سے زیادہ استغفار کرتے رہنا چاہیے۔ اللہ کے رسول ﷺ روزانہ ۱۰۰ مرتبہ استغفار کیا کرتے تھے۔ (صحیح مسلم: ۲۷۰۲)

❖ اگر چاہے تو اللہ تعالیٰ کسی کو بھی معاف کر سکتا ہے اور اپنی رحمت سے سیدھے جنت میں داخل کر سکتا ہے۔

❖ اے اللہ تعالیٰ! ہمارے گناہ معاف کر اور ہمیں زیادہ سے زیادہ نیک کام کرنے کی توفیق دے، اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

## قواعد

### بِ ، فِی ، عَلٰی ، اِلٰی

اس سبق میں بھی ہم کچھ اور حروفِ جر کے معنی سیکھیں گے۔

ان چار حروف کے معانی یاد رکھنے کے لیے ان کی مثالوں کو اچھی طرح یاد رکھیے۔

| اللّٰهِ | بِسْمِ | بِ: سے، ساتھ |
|---|---|---|
| اللہ (کے) | نام سے | |

| اللّٰهِ | فِيْ سَبِيْلِ | فِيْ: میں |
|---|---|---|
| (اللہ کے) | راستے میں | |

| عَلَيْكُمْ | السَّلَامُ | عَلٰی: پر |
|---|---|---|
| آپ سب پر | سلامتی ہو | |

| رَاجِعُوْنَ [4] | اِلَيْهِ | وَاِنَّا | لِلّٰهِ | اِنَّا | اِلٰی: طرف |
|---|---|---|---|---|---|
| لوٹ کر جانے والے ہیں | اسی کی طرف | اور بے شک ہم | اللہ کے ہیں | بے شک ہم | |



CamScanner

## ضمائر کے ساتھ حروف کی مشق

| بِ 416: سے | |
|---|---|
| بِهٖ | اس سے |
| بِهِمْ | ان سب سے |
| بِكَ | آپ سے |
| بِكُمْ | آپ سب سے |
| بِيْ | مجھ سے |
| بِنَا | ہم سب سے |
| بِهَا | اس عورت سے |

| فِيْ 1684: میں | |
|---|---|
| فِيْهِ | اس میں |
| فِيْهِمْ | ان سب میں |
| فِيْكَ | آپ میں |
| فِيْكُمْ | آپ سب میں |
| فِيَّ | مجھ میں |
| فِيْنَا | ہم سب میں |
| فِيْهَا | اس عورت میں |

| عَلٰی *1423: پر | |
|---|---|
| عَلَيْهِ | اس پر |
| عَلَيْهِمْ | ان سب پر |
| عَلَيْكَ | آپ پر |
| عَلَيْكُمْ | آپ سب پر |
| عَلَيَّ | مجھ پر |
| عَلَيْنَا | ہم سب پر |
| عَلَيْهَا | اس عورت پر |

| إِلٰی 736: طرف | |
|---|---|
| إِلَيْهِ | اس کی طرف |
| إِلَيْهِمْ | ان سب کی طرف |
| إِلَيْكَ | آپ کی طرف |
| إِلَيْكُمْ | آپ سب کی طرف |
| إِلَيَّ | میری طرف |
| إِلَيْنَا | ہماری طرف |
| إِلَيْهَا | اس عورت کی طرف |

### پلان

روزانہ صبح سے شام تک کا شیڈول بنایا جائے تاکہ دنیا و آخرت کی حسنات حاصل ہو سکیں۔

### آئینہ عمل

کیا ہم اللہ تعالیٰ سے دنیا کی نعمتیں مانگتے ہیں کہ آخرت کی بھلائی بھی مانگتے ہیں؟



CamScanner